Visit of Smt. Meenakashi Lekhi, Minister of State for External Affairs to Greece (January 30-31, 2023)

February 01, 2023

مملکتی وزیر خارجہ محترمہ میناکشی لیکھی کا یونان کا دورہ (جنوری 30-31، 2023)

فروری 01، 2023

خارجی امور اور کلچرو ثقافت کی مملکتی وزیر محترمہ میناکشی لیکھی نے 30-31 جنوری 2023 کو یونان کا دورہ کیا۔

اپنے دورے کے دوران مملکتی وزیر خارجہ نے یونان کے نائب وزیر اعظم جناب پیناگیوٹس پکرامینوز سے ملاقات کی۔ انہوں نے یونان کے وزیر خارجہ جناب نیکوس ڈنڈیاس سے بھی ملاقات کی۔ مملکتی وزیر خارجہ نے یونانی ڈاسپورا اور پبلک ڈپلومیسی انچارج نائب وزیر خارجہ، ایچ ای جناب اینڈریاز کٹسانیوٹس اور یونان کے وزیر ثقافت اور کھیل محترمہ لینا جی مینڈونی سے ملاقات کی اور تبادلہ خیال کیا۔ اس دوران بات چیت میں تجارت اور معیشت، ثقافت اور فنون، عوام سے عوام کے درمیان رابطے اور نقل مکانی اور نقل و حرکت پر توجہ مرکوز کی گئی۔

مملکتی وزیر نے بابائے قوم مہاتما گاندھی کی مجسمہ پر 30 جنوری کو ایتھنس میں ان کی برسی پر عقیدت کے پھول چڑھائے۔ انہوں نے ہندوستانی اور کاروباری برادری، ہندوستان کے دوستوں اور ماہرین ہند کے ساتھ بھی بات چیت کی اور 'آزادی کا امرت مہوتسو' کی تقریبات کے ایک حصے کے طور پر ایک خصوصی یوگا پروگرام میں شامل ہوئیں۔ ایم او ایس نے یونانی موسیقار اور محقق کانسٹینٹائن کالیٹیز کی کتاب ’انڈین میوزک' کا بھی رسم اجراء کیا۔

مملکتی وزیر کے یونان دورے نے ہندوستان اور یونان کے درمیان برقرار خوشگوار تعلقات کو مزید تقویت بخشی اور دونوں ممالک کے درمیان نئے خیالات اور باہمی تعاون کی نئی راہیں شیئر کرنے کا موقع فراہم کیا ہے۔

نئی دہلی
فروری 01، 2023

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.